تبصرۂ کتب

ادارہ

سلوک سلیمانی | مولانا محمد اشرف خان صدر شعبۂ عربی اسلامیہ کالج پشاور
ناشر مکتبۂ سرمدی ۶۷ اسلامیہ پارک سکیم پونچھ روڈ ۔ لاہور
صفحات ۱۸۴ ۔ قیمت مجلد ۔/۵ روپے ۔ طباعت وکتابت بہترین ۔ کاغذ عمدہ ۔

حضرت علامہ محقق وقت سید سلیمان ندوی مرحوم اپنے وقت کے نابغۂ روزگار شخصیت تھے ۔ خداوند کریم نے حکیم الامت تھانوی کے ذریعہ علم اور تحقیق کے ساتھ تصوف وسلوک اور تربیت وتزکیہ کی خداداد صلاحیتوں کو بھی جلا بخشی اُن کے تربیتی مکاتیب ملفوظات اور تحریرات کے چھوٹے چھوٹے جملوں میں حکمت وسلوک کے گوہر آبدار پائے جاتے ہیں ۔

فاضل مؤلف مولانا محمد اشرف خان صاحب ایم اے جنہیں سید الملت مرحوم سے خاص تعلق اور گہری عقیدت ہے اور جنہیں خداوند تعالیٰ نے دعوت وتبلیغ کے میدان میں حق تعالیٰ نے بے پناہ جذبۂ درد وسوز سے نوازا ہے اور جن کی ذات سے بیشمار افراد جدید تعلیم اور ماحول کے ہلاکت آفریں اثرات سے نکل کر اسلام اور اس کے نظام صلاح وفلاح کے داعی بن رہے ہیں ، نے علامہ سید سلیمانؒ ندوی کے سلوک پر ایک اجمالی نظر کے عنوان سے ایک زور دار مقالہ لکھا تھا جس میں سید صاحبؒ کے تربیتی طریق اور اصلاحی نظریات پر سیر حاصل روشنی ڈالی گئی تھی ۔ ناشر کتاب نے اب اس مقالہ کو کتابی شکل میں شائع فرما کر اس گنجینۂ حکمت کی افادیت کو بڑھا دیا ہے ۔ مولانا محمد اشرف کے قلم سے سلوک سلیمانی پر ایک تفصیلی کتاب بھی زیر ترتیب ہے ۔ خدا کرے جلد اشاعت پذیر ہو سکے ۔

مشہور تاریخی واقعات | مرتب سید نصیر احمد جامعی ۔ ناشر بیگم ہمایوں ٹرسٹ لاہور
قیمت ۔/۶ روپے ۔ صفحات ۲۵۶ ۔ کتابت وطباعت عمدہ ۔

اسلامی تاریخ فتح وظفر اور شجاعت وبسالت کے شاندار اور بے مثال واقعات سے لبریز ہے ۔ مگر اس میں کچھ ایسے داغ بھی ہیں جو مرور زمانہ کے ساتھ بھی مندمل نہیں ہوئے ۔ پیش نظر کتاب میں اندلس سے مسلمانوں کے اخراج سے لیکر نہر سویز کی جنگ تک اس قسم کے عبرت